CLASS : 10th (Secondary) **Code No. 5510**

Series : Sec. April/2021

Roll No. | | | | | | | | | | |

SET : A

اردو

URDU

भाग - I

(आत्मनिष्ठ प्रश्न)

(Academic/Open)

(Only for Fresh/Re-appear Candidates)

समय : 2.30 घण्टे] ***[पूर्णांक : 80* (भाग-I : 40, भाग-II : 40)**

Time allowed : 2.30 hours] ***[Maximum Marks : 80* (Part-I : 40, Part-II : 40)**

प्रश्न-पत्र दो भागों में विभाजित है : भाग-I (आत्मनिष्ठ) एवं भाग-II (वस्तुनिष्ठ)। परीक्षार्थी को दोनों भागों के प्रश्नों के उत्तर को अपनी उत्तर पुस्तिका में लिखना है। प्रश्न-पत्र का भाग-I परीक्षा आरम्भ होने पर पहले उत्तर-पुस्तिका के साथ दिया जाएगा तथा भाग-II के लिए आखिरी का एक घण्टे का समय दिया जाएगा अर्थात् परीक्षा समाप्त होने से एक घंटा पूर्व परीक्षार्थी को भाग-II का प्रश्न-पत्र दिया जाएगा।

भाग-I के प्रश्न-पत्र में कुल 9 प्रश्न एवं भाग-II के प्रश्न-पत्र में कुल 5 प्रश्न हैं।

- *कृपया जाँच कर लें कि भाग-**I** के इस प्रश्न-पत्र में मुद्रित पृष्ठ **4** तथा प्रश्न **9** हैं।*
- *प्रश्न-पत्र में दाहिने हाथ की ओर दिये गये **कोड नम्बर** तथा **सेट** को छात्र उत्तर-पुस्तिका के मुख्य-पृष्ठ पर लिखें।*

- *कृपया प्रश्न का उत्तर लिखना शुरू करने से पहले, प्रश्न का क्रमांक अवश्य लिखें।*
- *उत्तर-पुस्तिका के बीच में खाली पन्ना/पन्ने न छोड़ें।*
- *उत्तर-पुस्तिका के अतिरिक्त कोई अन्य शीट नहीं मिलेगी। अतः आवश्यकतानुसार ही लिखें और लिखा उत्तर न काटें।*
- *परीक्षार्थी अपना रोल नं० प्रश्न-पत्र पर अवश्य लिखें।*
- *कृपया प्रश्नों के उत्तर देने से पूर्व यह सुनिश्चित कर लें कि प्रश्न-पत्र पूर्ण व सही है,* ***परीक्षा के उपरान्त इस सम्बन्ध में कोई भी दावा स्वीकार नहीं किया जायेगा।***

نوٹ : تمام سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. مندرجہ ذیل سوالوں کے مختصر جوابات لکھئے : 2 x 5 = 10

(i) سورج کو چشمہ کیوں کہا گیا ہے ؟

(ii) دل میں فروتنی کو جگہ کون دیتا ہے ؟

(iii) لین شو نے لفافے پر کیا پتہ لکھا ؟

(iv) التمش کی وصیت کیا تھی ؟

(v) سعادت علی کیسا آدمی تھا ؟

2. مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجئے : (Unseen Passage) 5

آگرہ ہندوستان کا ایک تاریخی شہر ہے۔ یہ شہر ساری دنیا میں محبت کی نشانی، ''تاج محل'' کے لئے مشہور ہے۔ دنیا جانتی ہے کہ شاہ جہاں نے اسے اپنی بیگم ممتاز محل کی یاد میں بنوایا تھا۔ یہ دنیا کی خوبصورت ترین عمارت ہے۔ تاج محل کو عالمی سطح پر رائے شماری کے ذریعے 7 جولائی 2007 کو پہلا مقام حاصل ہو چکا ہے۔

سوالات :

(i) آگرہ ہندوستان کا کیسا شہر ہے ؟

(ii) آگرہ شہر ساری دنیا میں کس لئے مشہور ہے ؟

(iii) تاج محل کو کس نے اور کس کی یاد میں بنوایا ؟

(iv) تاج محل دنیا کی کیسی عمارت ہے ؟

(v) تاج محل کو عالمی سطح پر پہلا مقام کب حاصل ہوا ؟

3. مندرجہ ذیل عبارت کی تشریح کیجئے اور مضمون نگار کا نام بھی لکھئے : 3

اکبر بادشاہ مغلوں کا بہت مشہور بادشاہ گزرا ہے۔ اس نے لڑائیاں لڑ کر ہندوستان کا بہت سا حصہ فتح کر لیا تھا۔ ایک راجپوتانہ رہ گیا تھا، اکبر نے چاہا اسے بھی فتح کر لیں اور وہاں بھی سلطنت کرے۔ یہ ارادہ کر کے راجپوتانہ پر فوج کشی کی۔ راجپوت اپنا ملک بچانے کے لئے لڑے تو بہت بہادری سے، مگر آخر کار ان کے پاؤں اُکھڑ گئے۔ راجپوتوں کا سردار رانا پرتاپ سنگھ اپنے بال بچوں کو لے کر کسی جنگل میں جا چُھپا۔

4. مندرجہ ذیل میں سے کسی **ایک** شعری حصہ کی تشریح حوالوں کے ساتھ کیجئے : 3

(الف)

تعریف اس خدا کی جس نے جہاں بنایا
کیسی زمیں بنائی کیا آسماں بنایا
مٹی سے بیل بوٹے کیا خوش نما اُگائے
پہنا کے سبز خلعت ان کو جواں بنایا

(ب)

جو پار اتارے اوروں کو اس کی ناؤ اترنی ہے
جو غرق کرے پھر اس کو بھی یاں ڈبکوں ڈبکوں کرنی ہے
شمشیر، تبر، بندوق، سناں اور نشتر، تیر، نہرنی ہے
یاں جیسی جیسی کرنی ہے پھر ویسی ویسی بھرنی ہے

5. مندرجہ ذیل لفظوں میں سے کسی **ایک** کی تعریف مثال کے ساتھ لکھئے : 3

(i) صفت۔

(ii) اسم۔

(iii) ضمیر۔

6. مندرجہ ذیل محاوروں میں سے کسی **تین** کے معنی لکھئے اور جملوں میں استعمال کیجئے : 3

(i) جیسی کرنی ویسی بھرنی۔

(ii) بول بالا ہونا۔

(iii) پار اُتارنا۔

(iv) مان رکھنا۔

7. مندرجہ ذیل میں سے کسی **ایک** کی تعریف لکھئے : 3

(i) رباعی۔

(ii) غزل۔

(iii) نظم۔

8. مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی **ایک** پر مضمون لکھئے : 5

(i) ہمارا اسکول۔

(ii) اپنا پسندیدہ کھیل۔

(iii) پیڑ پودے۔

9. اپنے پرنسپل کے نام جُرمانہ معافی کے لئے درخواست لکھئے۔ 5

CLASS : 10th (Secondary) **Code No. 5510**

Series : Sec. April/2021

Roll No. | | | | | | | | | | |

SET : A

اردو

URDU

भाग - II

(वस्तुनिष्ठ प्रश्न)

(Academic/Open)

(Only for Fresh/Re-appear Candidates)

- *कृपया जाँच कर लें कि भाग-**II** के इस प्रश्न-पत्र में मुद्रित पृष्ठ **4** तथा प्रश्न **5** हैं।*
- *परीक्षार्थी अपना रोल नं० प्रश्न-पत्र पर अवश्य लिखें।*
- *कृपया प्रश्नों के उत्तर देने से पूर्व यह सुनिश्चित कर लें कि प्रश्न-पत्र पूर्ण व सही है, **परीक्षा के उपरान्त इस सम्बन्ध में कोई भी दावा स्वीकार नहीं किया जायेगा।***

सामान्य निर्देश :

(i) ***सभी प्रश्न अनिवार्य हैं।***

(ii) प्रत्येक प्रश्न के अंक उसके सामने दर्शाए गए हैं।

نوٹ : تمام سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. مندرجہ ذیل لفظوں کے معنی لکھئے : 1 x 13 = 13

(i) میسّر ہونا۔

(ii) شاہد۔

(iii) کرم۔

(iv) نان۔

(v) قول۔

(vi) حباب۔

(vii) آلودگی۔

(viii) ثناں۔

(ix) قیاس۔

(x) کارِ خیر۔

(xi) تفریق۔

(xii) عظیم۔

(xiii) معیّن۔

2. مندرجہ ذیل لفظوں کی مدد سے خالی جگہوں کو بھریئے : 1 x 10 = 10

(اختیارات، جاں نشیں، عیش، حکومت، برابری، رضیہ، دربار، التمش، چاندی، ہندوستان)

(i) رضیہ سلطان ۔۔۔۔۔۔۔۔ کی پہلی ملکہ تھی جو تخت پر بیٹھی۔

(ii) وہ دہلی کے بادشاہ ۔۔۔۔۔۔۔۔ کی بیٹی تھی۔

(iii) اپنے بہن بھائیوں میں ۔۔۔۔۔۔۔۔ سب سے زیادہ ذہین تھی۔

(iv) باپ نے اپنی زندگی ہی میں اسے اپنا ۔۔۔۔۔۔۔۔ مقرر کر دیا۔

(v) وہ جانتا تھا کہ بیٹے ۔۔۔۔۔۔۔۔ پسند ہیں۔

(vi) بیٹی کے علاوہ کوئی اور ۔۔۔۔۔۔۔۔ چلانے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔

(vii) اس نے اپنے آخری دنوں میں ۔۔۔۔۔۔۔۔ کے سکّے پر رضیہ کا نام بھی شامل کر لیا تھا۔

(viii) رضیہ سلطان باقاعدہ۔۔۔۔۔۔۔۔لگاتی تھی۔

(ix) اس نے۔۔۔۔۔۔۔۔اور بھائی چارے کو عام کیا۔

(x) رضیہ سلطان نے حکومت کے۔۔۔۔۔۔۔۔کو چالیس امیروں میں بانٹا۔

3. مندرجہ ذیل مذکر کے مونث اور مونث کے مذکر بنا کر لکھئے : 1 x 5 = 5

(i) بادشاہ۔

(ii) گھوڑا۔

(iii) عورت۔

(iv) بیٹی۔

(v) لڑکا۔

4. مندرجہ ذیل میں سے واحد کی جمع اور جمع کے واحد لکھئے : 1 x 5 = 5

(i) مسجد۔

(ii) مشکل۔

(iii) وقت۔

(iv) خدمات۔

(v) قواعد۔

5. مندرجہ ذیل سوالوں کے صحیح جواب چُن کر اپنی کاپی میں لکھئے : 1 x 7 = 7

(i) درج ذیل میں اسم ہے ؟

(A) قلم (B) لکھنا

(C) پڑھنا (D) کھیلنا

(ii) درج ذیل میں فعل ہے ؟

(A) کتاب (B) پڑھنا

(C) قلم (D) میز

(iii) نظم کے لغوی معنی ہیں ؟

(A) موتی چننا (B) موتی خریدنا

(C) موتی پرونا (D) موتی بنانا

(iv) 'حمد' کے لغوی معنی ہیں ؟

(A) تعریف (B) خیال

(C) اظہار (D) وحدانیت

(v) غزل کے آخری شعر کو کہتے ہیں ؟

(A) مقطع (B) مطلع

(C) ردیف (D) قافیہ

(vi) آپ کی نصابی کتاب کا نام ہے ؟

(A) ہماری زبان (B) جان پہچان

(C) اردو زبان (D) میری زبان

(vii) اردو لکھی جاتی ہے ؟

(A) اوپر سے نیچے (B) بائیں سے دائیں

(C) دائیں سے بائیں (D) نیچے سے اوپر